## حق پرست سٹی کونسلر کے بھائی اورایم کیوایم قصبہ سیکٹر کے ذمہ دار کی صاحبزادی کے انتقال پر رابطہ کمیٹی کا اظہار افسوس

کراچی۔۔۔8،اکتوبر 2007ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے گڈاپ ٹاؤن کے حق پرست سٹی کونسلر وحید جوکھیو کے بڑے بھائی محمد موسیٰ جوکھیو اورایم کیوایم قصبہ علی گڑھ سیکٹر یونٹ 132 کے نگراں یونٹ انچارج محمد سلیم صدیقی کی صاحبزادی ارم سلیم کے انتقال پر گہرے دکھ اورافسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوارلواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اورسوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔

## آزادکشمیر میں خدمت خلق فاؤنڈیشن کے تحت امدادی پروگرام
## وفاقی وزیر اقبال محمد،سینیٹرعبدالخالق پیرزادہ،طاہر کھوکھر اوردیگر نے متاثرین میں امدادی اشیاء تقسیم کیں

مظفرآباد۔۔۔8،اکتوبر 2007ء۔۔۔کراچی اوراندرون سندھ کی طرح آزادکشمیر میں بھی خدمت خلق فاؤنڈیشن کے تحت غریب ومستحق افرادکوعید کی خوشیوں میں شریک کرنے کیلئے امدادی سامان اورروزمرہ استعمال کی دیگراشیاء تقسیم کی گئیں۔اس سلسلے میں خدمت خلق فاؤنڈیشن کے زیراہتمام آزادکشمیر کے علاقے طارق آباد میں ایک سادہ تقریب منعقد ہوئی جس میں حق پرست وفاقی وزیر اقبال محمد علی،سینیٹر ڈاکٹرعبدالخالق پیرزادہ،ایم کیوایم آزادکشمیر کے آرگنائزرطاہر کھوکھر،جوائنٹ انچارج ملک تنویر،ضلعی انچارج الطاف اعوان،چوہدری مظہرایڈوکیٹ،راجہ ریاض ایڈوکیٹ،امتیازکھوکھر،راجہ آصف،محبوب میراوردیگر کارکنان بھی موجود تھے۔تقریب میں علاقے کے بزرگوں،خواتین،نوجوانوں اور بچوں نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔اس موقع پرحق پرست وفاقی وزراءاورارکان پارلیمنٹ نے بڑی تعداد میں غریب ومستحق افراد میں امدادی اشیاء تقسیم کیں۔

## حکومت،زلزلہ سے متاثرہ کشمیری عوام کوحالات کے رحم وکرم پرنہیں چھوڑے گی،اقبال محمد علی
## مظفرآباد میں شہدائے زلزلہ کی یاد میں منعقدہ خصوصی تقریب سے سینیٹرعبدالخالق پیرزادہ،ارکان قومی اسمبلی عبدالوسیم، نثار پنہور،عابدعلی امنگ،آزادکشمیر کی قانون سازاسمبلی کے حق پرست رکن طاہر کھوکھر اورملک تنویر کا خطاب

مظفرآباد۔۔۔8،اکتوبر 2007ء۔۔۔حق پرست وفاقی وزیر اقبال محمد علی نے کہا کہ ہے کہ حکومت،زلزلہ سے متاثرہ کشمیری عوام کوحالات کے رحم وکرم پرنہیں چھوڑے گی اور آزادکشمیر کے دارالحکومت مظفرآباد کے ماسٹر پلان پرفوری عمل کو یقینی بنایا جائے گا۔ان خیالات کا اظہارانہوں نے گزشتہ روزمظفرآباد میں شہدائے زلزلہ کی یاد میں منعقدہ خصوصی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔تقریب سے سینیٹرعبدالخالق پیرزادہ،ارکان قومی اسمبلی عبدالوسیم،نثار پنہور،عابدعلی امنگ،آزادکشمیر کی قانون سازاسمبلی کے حق پرست رکن طاہر کھوکھر اوردیگر نے بھی خطاب کیا۔اس موقع پرزلزلے سے متاثرہ کشمیری عوام بڑی تعداد میں موجود تھے۔تقریب میں ایم کیوایم آزادکشمیر کی جانب سے شرکاء کیلئے افطارڈنر کا بھی ہتمام کیا گیا۔تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وفاقی وزیر نے کہا کہ ایم کیوایم واحد جماعت ہے جوقیامت خیز زلزلہ کے پہلے روز سے آج کے دن تک متاثرین کے ساتھ ہے اوران کی ہرممکن کی امداد میں مصروف ہے۔انہوں نے کہا کہ کشمیری ہمارے بھائی ہیں اور یہ ہمارا عہد ہے کہ ہم اپنے زلزلہ سے متاثرہ عوام کوکسی بھی قیمت پرتنہانہیں چھوڑیں گے۔حق پرست سینیٹرعبدالخالق پیرزادہ نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ کشمیری عوام اسلام،جہاداورکشمیر کے نام پرچندہ جمع کرنے والوں کو پہچان لیں اوران کے بہکاوے میں نہ آئیں۔حق پرست اراکین قومی اسمبلی عبدالوسیم،نثار پنہوراورعابدعلی امنگ نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ واحد جماعت ہے جومتوسط طبقہ کے عام شہریوں کے حقوق کی محافظ ہےاورجولوگ متحدہ قومی موومنٹ کے خلاف منفی پروپیگنڈے کررہے ہیں وہ غریب ومتوسط طبقہ کےعوام کے کھلے دشمن ہیں۔آزادکشمیر کی قانون سازاسمبلی کے حق پرست رکن طاہر کھوکھر نے کہا کہ قیامت خیز زلزلہ کے 2 سال گزرنے کے بعدآج بھی پچاس فیصد متاثرین امداد سے محروم ہیں۔تقریب سے ایم کیوایم آزادکشمیر کے جوائنٹ انچارج ملک تنویر نے بھی خطاب کیا۔

## اسلام کے نام پر قوم کو بے وقوف بنانے والی جماعتوں کی ہنڈیا بیچ چوراہے پر پھوٹ گئی ہے، ارکان سندھ اسمبلی

کراچی ۔۔۔8، اکتوبر 2007ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست ارکان سندھ اسمبلی نے نام نہاد مذہبی جماعتوں کے اتحاد ایم ایم اے کی غیر یقینی صورتحال پر تبصرہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ اسلام کے نام پر قوم کو بے وقوف بنانے والی نام نہاد مذہبی جماعتوں کی ہنڈیا بیچ چوراہے پر پھوٹ گئی ہے۔اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ جماعت اسلامی سمیت مجلس عمل میں شامل دیگر مذہبی جماعتیں مذہب کے نام پر قوم کو گمراہ کرتی رہیں۔انہوں نے کہا کہ دنیا جانتی ہے کہ صوبہ سرحد میں ایم ایم اے کی حکومت قائم ہے جہاں قتل وغارتگری، دہشت گردی، راکٹ لانچروں اور خودکش حملوں کا سلسلہ جاری ہے اور آئے دن مسلح دہشت گرد سیکوریٹی اہلکاروں کو اغواء اور قتل کررہے ہیں لیکن ایم ایم اے کی حکومت نے عوام کی جان ومال کے تحفظ کیلئے کسی قسم کے اقدامات نہیں کئے۔انہوں نے کہا کہ ایم ایم اے میں شامل نام نہاد مذہبی جماعتیں متعدد مواقع پر حکومتی پالیسیوں کو تنقید کا نشانہ بنانے کے باوجود صوبہ سرحد اور صوبہ بلوچستان کی حکومت کے مزے لوٹتی رہیں اور اب استعفے دینے کے معاملہ میں ان نام نہاد مذہبی جماعتوں کے مفادات کی ہنڈیا بیچ چوراہے پر پھوٹ گئی ہے جس سے یہ حقیقت ثابت ہوچکی ہے کہ ان جماعتوں کا اتحاد مفاد پرستی پر قائم ہے۔حق پرست ارکان سندھ اسمبلی نے کہا کہ صوبہ سرحد کی اسمبلی میں استعفے دینے کے معاملے پر ایم ایم اے میں شامل جماعتوں بالخصوص جماعت اسلامی کی مفاد پرستی اور گھناؤنا کردار ملک بھر کے عوام کے سامنے بے نقاب ہوچکا ہے اور ملک بھر کے عوام جان چکے ہیں کہ مذہب کی تجارت کرنے والے اسلام اور عوام دونوں کے کھلے دشمن ہیں۔

☆☆☆☆☆